خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی (۶۴)

☆صدر ادارہ وامیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کا ایک کتابچہ حال میں مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے 'تحریک اسلامی کی رفتارِ کار' کے نام سے شائع ہوا ہے۔ یہ اصلاً ایک انٹرویو ہے جس میں مولانا موصوف نے جماعت کی تازہ دعوتی، اصلاحی، اور علمی خدمات اور اس کی پالیسی و پروگرام پر اظہار خیال کیا ہے۔ صفحات: ۴۰، قیمت۔/ ۲۳ روپے۔

☆مولانا موصوف کا ایک مقبول عام کتابچہ' قرآن کا نظام خاندان' کے عنوان سے ہے۔ اس میں اسلام کی عائلی تعلیمات پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے۔ خاندان کے استحکام کی تدابیر، میاں بیوی کے تعلقات، والدین، اولاد اور رشتے داروں کے حقوق بیان ہوئے ہیں۔ حال میں اس کا پانچواں ایڈیشن نظر ثانی کے بعد شائع ہوا ہے۔ صفحات: ۳۲، قیمت۔/ ۲۴ روپے۔ اس کے انگریزی ترجمہ Family System in The Holy Quran کا دوسرا ایڈیشن سامنے آیا ہے۔ صفحات: ۳۶، قیمت۔/ ۲۳ روپے۔

☆ادارہ کے زیر تربیت اسکالرس کی انجمن 'رائٹرس فورم' کا پروگرام ۲۰/ مئی ۲۰۱۷ء کو پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی، سابق صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں ادارہ کے سابق اسکالر جناب مزمل کریم قاسمی، ریسرچ اسکالر شعبۂ عربی، مسلم یونی ورسٹی نے 'قصۂ آدم۔ دروس ونصائح' کے عنوان پر مقالہ پیش کیا۔ اس پروگرام میں ادارۂ تحقیق کے علاوہ ادارۂ علوم القرآن اور مسلم یونی ورسٹی کے شعبۂ دینیات، شعبۂ اسلامک اسٹڈیز اور شعبۂ عربی کے ریسرچ اسکالرس بھی شریک ہوئے۔

☆ادارہ کے ارکان نے الحمدللہ اپنے مفوضہ تحقیقی کام مکمل کر لیے ہیں۔ مولانا محمد جرجیس کریمی نے 'امام ابن تیمیہؒ کے سیاسی افکار' اور جناب مجتبیٰ فاروق نے 'اسلامائزیشن آف نالج: ایک تحریک، ایک دعوت' کے موضوع پر کام کیا ہے۔ ان شاءاللہ ان کی اشاعت کی کوشش کی جائے گی۔

☆ادارہ کے تصنیفی تربیت کورس میں دو نئے اسکالرس کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اس طرح اب ان کی تعداد چار ہو گئی ہے۔

☆ادارہ کے انتظامی کاموں کی نگرانی کے لیے ایک منیجر کی ضرورت تھی۔ الحمدللہ انٹرویو کے بعد ایک منیجر کا تقرر کر لیا گیا ہے۔ ☆☆☆